مولانا محمد ابراہیم فانی

تعارف و تبصرہ کتب

کتاب : اہتمام مشورہ افاضات مسیح الامہ مولانا مسیح اللہ خان صاحب قدس سرہ

ضخامت : ۱۱۲صفحات قیمت :۶۰ روپے

ناشر : زمزمہ پبلشرز نزد مقدس مسجد اردوبازار کراچی۔

حضرت مولانا مسیح اللہ خان صاحب قدس سرہ حضرت تھانویؒ کے ان گنے چنے اجل خلفاً میں سے ہیں جو حضرت حکیم الامتؒ کی تعلیمات میں ایسے رنگے ہوئے تھے اور ان پر اپنے شیخ کا پر تو ایسا پڑ گیا تھا کہ وہ گویا اپنے شیخ کا عکس جمیل ہو۔اسی وجہ سے آپ کو مسیح الامہ کا لقب دیا گیا۔اپنے شیخ کے ارشاد پر آپ نے جلال آباد میں قیام فرمایااور وہاں پر مفتاح العلوم کے نام سے ایک مدرسے کی بنیاد ڈالی اور تقریباً نصف صدی تک اس مدرسے کو فیض رسانی کا مرکز بنائے رکھا۔وہیں پر درس و تدریس تصنیف و تالیف وعظ وارشاد اور مدرسے کے انتظام و انصرام میں مشغول رہے۔ یہیں پر عرصہ دراز تک صحیح بخاری شریف کا درس دیا جس کا کچھ حصہ شائع ہو چکا ہے باوجود اتنی عظمت شان کے سادگی تواضع وانکساری وفروتنی میں بے مثال اور فنائیت میں مستغرق تھے۔

زیر تبصرہ کتاب آپ کے افاضات وافادات کا مجموعہ ہے۔جس میں آپ نے مشورہ کی اہمیت کے متعلق تمام پہلوؤں پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ من حیث المجموع یہ رسالہ تو ہر مسلمان مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید ہے۔لیکن مہتممین مدرسین ،ائمہ کرام ،انتظامیہ اور اس قسم کے دیگر افراد کے لئے اس کا مطالعہ از حد ضروری ہے تاکہ ان کو مشورہ کی اہمیت معلوم ہو سکے۔''اہتمام مشورہ'' میں مشورہ کے احکامات ،اہل شوریٰ ،**امیر و** ذمہ دار کی صفات اور اطاعت امیر کی حکمت جیسے اہم امور پر انتہائی نفیس مباحث موجود ہیں۔زمزم پبلشرز نے موضوع اور مرتب کی شایان شان یہ رسالہ طبع کرایا ہے۔

....

کتاب : اشرف الانوار شرح اردو نور الانوار مولف : مولانا عبدالحفیظ صاحب فاضل دیوبند

ضخامت : ۹۸۸صفحات (مکمل دو حصے) قیمت : ۳۳۰ روپے

ناشر : مکتبہ اصلاح و تبلیغ مارکیٹ ٹاور حیدر آباد پاکستان

نورالانوار اصول فقہ کی مشہور کتاب ہے جو کہ درس نظامی کے نصاب میں شامل اور عرصہ دراز سے متداول چلی